# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 27 August 2026**
**Time : 07:40 / PM**

**آداب**

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شبیرالزماں
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

## ہیڈ لائنز

✓ [۱] ----- سرکار 21ویں صدی کے بھارت میں کھیل کود کا جدید ماحول فراہم کرنے کیلئے پُرعزم // کھیلو انڈیا ڈائیلاگ سے وزیر اعظم کا خطاب۔

✓ [۲] ----- نیپال میں اچانک آئے تباہ کن سیلاب کے نتیجے میں مرنے والوں کی تعداد 359 سے متجاوز // سینکڑوں افراد ابھی لاپتہ۔

✓ [۳] ----- نیتی آیوگ نے جموں وکشمیر میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کیلئے ہر ممکن مدد کا دلایا یقین // سرینگر میں آیوگ کی ٹیم نے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا لیا تفصیلی جائزہ۔

✓ [۳] ----- وزیر اعلیٰ نے شہر سرینگر میں ڈرینج نظام کو معیاد بند طریقے پر مستحکم کرنے پر دیا زور۔

اور

✓ [۴] ----- عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں تقریبات کا سلسلہ جاری۔

## خبروں کی تفصیل

کھیلو انڈیا

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سرکار 21ویں صدی کے بھارت میں کھیل کود کا ایک جدید ماحول فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ کھیل کود کی یونیورسٹیوں سے لیکر جدید تربیتی مراکز تک ملک بھر میں ایک ماحول قائم کیا جارہا ہے، جہاں صلاحیت کو ہر سطح پر جلا بخشنے کا موقع مل رہا ہے۔

نیشنل سپورٹس ڈے کی تقریبات کے سلسلے میں ملک بھر میں منعقد کئے گئے کھیلو انڈیا ڈائلاگ سے ویڈیو کانفرنسنگ کے

ذریعے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک کے کھلاڑیوں کو آج سے ہی **2036** کے اولمپک مقابلوں کیلئے تیاریاں شروع کرنی چاہئیں۔

وزیر اعظم نے جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والی پیرا اولمپک تیر انداز شیتل دیوی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے **2024** کے پیرا اولمپک میں میڈل جیت کر جموں و کشمیر اور ملک کا نام روشن کیا ہے۔

----**PM**-----

NIT

''کھیلو انڈیا ڈائیلاگ: کھیل کی بات پی ایم کے ساتھ'' کا ایک ورچول پروگرام نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر میں بھی منعقد ہوا جس میں وادی بھر کے دس اضلاع سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں طالب علموں اور کھلاڑیوں نے شرکت کی۔

ہمارے نمائندے محمود احمد خان نے خبر دی ہے کہ شرکاء نے نشے سے پاک جموں و کشمیر کا عہد لیا، جس کے بعد سرکردہ کھلاڑیوں کے ساتھ ملاقات کا ایک سیشن بھی ہوا، جس دوران انہوں نے طالب علموں کے ساتھ اپنی کامیابیوں کے تجربات شیئر کئے۔ بین الاقوامی ایتھلیٹ اقصیٰ گلزار کے تاثرات۔

**.....Aksa Gulzar.....**

وادی کے دیگر سبھی اضلاع میں بھی وزیر اعظم کے اس پروگرام کو لائیو سٹریم کیا گیا جہاں سینکڑوں کی تعداد میں ایتھلیٹوں اور طالب علموں نے شرکت کی۔

نیپال

نیپال میں کل صبح زلزلے کے بعد آئے اچانک سیلابی ریلے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر **359** ہو گئی ہے۔ تازہ ترین تفصیلات کے مطابق **750** سے زیادہ افراد لاپتہ بتائے جا رہے ہیں، جن میں **288** بھارتی باشندے بھی شامل ہیں۔ بھارتی خارجہ امور کی وزارت نے کہا ہے کہ کیلاش مانسرور یاترا پر گئے ہوئے تامل ناڈو کے **21** بھارتی باشندوں کو بچا لیا گیا ہے۔

سیلاب کے نتیجے میں سرکاری اور عوامی املاک کو کافی نقصان پہنچا ہے۔ متاثرہ علاقوں سے سامنے آئے ویڈیوز میں بڑی مقدار میں گدلے پانی، پتھر اور ملبے کے ڈھیر نظر آرہے ہیں۔ تبت سے شروع ہوئے اس بھیانک سیلاب نے کئی قصبوں اور دیہات میں پُلوں اور پن بجلی پروجیکٹوں سمیت متعدد تنصیبات کو اپنے ساتھ بہا لیا۔

بھارت نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دس ٹن ریلیف کا ساز و سامان نیپال روانہ کیا ہے۔ اس سے پہلے وزیر اعظم مودی نے نیپال کے اپنے ہم منصب بلیند رشاہ سے بات کرتے ہوئے انہیں بھارت کی طرف سے ہر ممکن امداد کا یقین دلایا۔

نیتی آیوگ

نیتی آیوگ نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر میں ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے نیز ترقیاتی تفاوتوں کو دور کرنے کیلئے آیوگ کی طرف سے ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی۔

آیوگ کے ممبر ڈاکٹر ایم سری نواس نے آج ایس کے آئی سی سی سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں مختلف سیکٹروں میں عملائے جارہے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر نے اگرچہ پچھلے چند برسوں کے دوران صحت، تعلیم، بجلی، پانی، سیاحت، زراعت، باغبانی، دیہی ترقی، روزگار، ہنرمندی اور دیگر شعبوں میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے تاہم اس عمل کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کیلئے مزید کوششیں کرنے کی ضرورت ہے۔ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے مطابق چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور مختلف محکموں کے کئی دیگر اعلیٰ افسروں نے اپنے اپنے ماتحت محکموں کے ترقیاتی منظرنامے سے متعلق تفصیلی خاکہ پیش کیا۔چیف سیکریٹری نے جموں کشمیر کو ترقیاتی اعتبار سے ملک کی دیگر ریاستوں کے ہم پلہ بنانے میں مرکزی سرکار کا بھرپور تعاون طلب کیا۔میٹنگ میں مختلف محکموں کے کمشنر سیکریٹریز،سیکریٹریز اور جموں وکشمیر کے دورے پر آئی نیتی آیوگ کی ٹیم کے دیگر ممبران بھی موجود تھے۔

سی ایم ملاقات

دریں اثنا نیتی آیوگ کے ممبر ڈاکٹر ایم سری نواس نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی شمولیاتی اور دیرپا ترقی میں سرعت لانے کیلئے نیتی آیوگ کے ساتھ تعاون کو مضبوط کرنے اور دیگر ترقیاتی ترجیحات زیر بحث آئے۔وزیراعلیٰ سے آج دیگر کئی وفود اور شخصیات نے بھی ملاقات کی۔ملاقات کرنے والوں میں جموں وکشمیر اور لداخ فیڈریشن آف انڈین چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا ایک وفد//اور اکشے پاترا فاؤنڈیشن کا ایک وفد بھی شامل ہے۔

CM

اسی دوران وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے شہر سرینگر میں ڈرینج سے جڑے بنیادی ڈھانچے کو وقتِ مقرر کے اندر مضبوط کرنے پر زور دیا ہے۔سرینگر میں متعلقہ افسروں کی اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے آج شہر کے اندر ڈرینج سیکٹر کی موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔میٹنگ میں اندرونِ شہر پانی جمع ہونے کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے فوری اور طویل المدتی اقدام کرنے پر توجہ مرکوز رہی۔اس موقعہ پر سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے شہر کے ڈرینج نظام اور اس بارے میں اگلے پانچ برس کے نقشہ راہ کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔وزیراعلیٰ نے اس بات پر زور دیا کہ محض چند گھنٹوں کی بارش سے شہر میں پانی جمع ہونے کا مسئلہ پیش نہیں آنا چاہئے۔

سپیکر

اسمبلی کے سپیکر اور ایم ایل چرار شریف عبدالرحیم راتھر نے آج اپنے حلقہ انتخاب کے ہردو ڈلوان میں ایک عوامی دربار منعقد کرنے کے علاوہ وہاں زائد از اڑھائی کروڑ روپے کی لاگت والے ترقیاتی کاموں کا شروعات کی۔عوامی دربار کے دوران لوگوں کی طرف سے ابھارے گئے مسائل کے بارے میں ممبر موصوف نے بتایا کہ سبھی جائز معاملات کو متعلقہ محکموں کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔

جاوید ڈار

محکمہ زرعی پیدوار اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے باغبانی کے سیکٹر کو مزید مضبوط کرنے اور اسے کسان طبقے کی مجموعی اقتصادی ترقی کا ایک اہم محرک بنانے کیلئے متعلقہ افسروں کو تن دہی اور نتیجہ خیز اپروچ کے ساتھ کام کرنے کی ہدایت دی ہے۔ جموں کے تالاب تلو علاقے میں محکمہ باغبانی کے کانفرنس ہال میں افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزری موصوف نے جموں صوبے میں محکمہ باغبانی کی کارگزاری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے خطے میں ہارٹیکلچر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے عملائے جارہے پروگراموں اور سکیموں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔

ناصر اسلم

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے آج سرحدی ضلع کپوارہ کے دور دراز موری اور کلاروس جیسے دورافتادہ علاقوں کا دورہ کرکے وہاں عام لوگوں کو درپیش معاملات کا جائزہ لیا۔ مشیر موصوف نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ آنے والے موسم سرما سے قبل تمام کاموں کو جنگی بنیادوں پر مکمل کریں۔ اس موقعے پر انہوں نے مقامی وفود سے ملاقات بھی کی اور ان کے معاملات غور سے سنے۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے وویکانندا کیندر کے کل ہند صدر رائے بالا کرشنن کے فوت ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی پیغام میں ایل جی نے کہا ہے کہ آنجہانی نے اپنی زندگی سوامی وویکانندا جی کے اصولوں کیلئے وقف کی تھی۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

GONG

میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے دوسرے دن آج بھی وادی کی بیشتر مساجد، خانقاہوں اور بقعہ جات میں میلاد مجالس کا اہتمام رہا، جن میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ آثار شریف درگاہ حضرتبل اور دیگر بقعہ جات میں آج بھی نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ اور دیگر تبرکات کی زیارت کرائی جارہی ہے۔ وہاں علمائے کرام نے ولادت باسعادت اور سیرت پاک کے مختلف گوشوں پر روشنی ڈالی۔ درگاہ حضرت بل میں آج بھی فضائیں نعت و مناجات اور درود و اذکار کی صداؤں سے گونجتی رہیں۔

----**Darood**------

خانقاہ پانپور میں کل ایک سیرتی مجلس کا انعقاد ہوا اور جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی کی قیادت میں ایک میلاد جلوس برآمد ہوا۔ قصبہ پانپور کی مختلف سڑکوں سے گزرنے والے اس جلوس کا اہتمام اوقاف اسلامیہ پانپور اور شاہ ہمدان ٹرسٹ نے کیا تھا۔

عرس

بلند پایہ ولی حضرت سید محمد علی عالی بلخی رحمتہ اللہ کا سالانہ عرس مبارک کل 28 اگست کو منایا جا رہا ہے۔اس سلسلے میں آج اُن کے آستان عالیہ واقع پکھر پورہ میں نماز عشاء کے بعد شب بیداری کی مجلس منعقد ہو گی۔

رکھشا بندھن مبارکباد

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے رکھشا بندھن کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔مبارکبادی کے اپنے پیغام میں انہوں نے تمنا ظاہر کی ہے کہ یہ دن تمام طبقوں کے مابین آپسی بھائی چارے اور امن و اخوت کا پیغام لیکر آئے۔نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کل منائے جانے والے رکھشا بندھن کے موقعے پر ہندو برادری کو مبارکباد دی ہے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کی خواتین ونگ کی صدر اور ایم ایل اے جبہ کدل شمیمہ فردوس نے آج شاہ پُل اور رواتل کدل کا دورہ کر کے وہاں حالیہ آگ سے کی واردات کے متاثرین سے بات چیت کی۔

انہوں نے متاثرہ کنبوں میں فی کس 20 ہزار روپے تقسیم کرنے کے علاوہ اپنے **CDF** میں سے ہر متاثرہ کنبے کو ایک ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا۔

بی جے پی

پردیش بی جے پی کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر جموں میں بی جے پی کے اقلیتی مورچہ اور **OBC** مورچہ کی الگ الگ میٹنگوں کی صدارت کی۔انہوں نے دونوں مورچوں سے وابستہ کارکنوں کو عوام کے ساتھ رابطہ مضبوط کرنے کی تلقین کی۔اسی دوران پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے بھی بی جے پی کے یووا مورچہ سے کہا ہے کہ وہ نوجوانوں کے ساتھ تعلقات مستحکم کرے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18.2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35.1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 1 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 2 منٹ پر ہو گا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔